E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعرات 12 نومبر 2026ء/2 جمادی الثانی 1448ھ/ قیمت 20 روپے | شمارہ 269

ملاقات میں پاکستان اور اسپین نے تکنیکی تعاون، علم و تجربات کے تبادلے اور جدید و پائیدار زرعی طریقوں کے فروغ کے ذریعے زراعت کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا

پاکستان، اسپین کا زرعی تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسپین کے وزیر نے پاکستان کی جانب سے ایک تکنیکی وفد اسپین بھیجنے کی تجویز کا بھی خیرمقدم کیا، تاکہ وفد وہاں جدید زرعی طریقوں کا جائزہ لے

رانا تنویر حسین کا پانی کی بڑھتی ہوئی قلت اور موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پانی کے مؤثر استعمال پر مبنی جدید زرعی ٹیکنالوجیز اپنانے کی ضرورت پر زور

اطالیہ (این این آئی) پاکستان اور اسپین نے زراعت کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے، بالخصوص زرعی کی کاشت، زرعی کے تیل کی پیداوار، جدید زرعی ٹیکنالوجی اور پانی کے پائیدار استعمال کے شعبوں میں تعاون پر اتفاق رائے سامنے آیا ہے۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین اور اسپین کے وزیر برائے زراعت، ماہی پروری و خوراک لوئس پلانا س پوجادس کے درمیان ترکیہ میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے زرعی تعاون کی باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر زرعی مشیر، دفیق کا شکاری، مؤثر آبپاشی کے نظام اور استعمال شدہ پانی کو دوبارہ قابلِ استعمال بنانے کی ٹیکنالوجی میں اسپین کے تجربات سے استفادے کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)



مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل مالی معاونت ناگزیر ہے، وزیراعظم

مسلسل مالی معاونت ناگزیر ہے

گرین انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے

پاکستان صاف توانائی کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی و موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے پرعزم ہے

صاف توانائی کے بلند عزائم پر مبنی اہداف صرف اجتماعی کوششوں اور بروقت مالی معاونت کے ذریعے ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں

اطالیہ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گرین انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل مالی معاونت ناگزیر ہے، پاکستان صاف توانائی کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی و موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ صاف توانائی کے بلند عزائم پر مبنی اہداف صرف اجتماعی کوششوں اور بروقت مالی معاونت کے ذریعے ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں، ترقی پذیر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



اطالیہ: وزیراعظم شہباز شریف سے ایران کے صدر مسعود پزشکیان ملاقات کر رہے ہیں

چوہدری شافع حسین سے ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر کی الوداعی ملاقات

ایران کے سرمایہ کار زراعت، انرجی اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں، صوبائی وزیر صنعت و تجارت پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے ایران کے سرمایہ کاروں کو بھرپور آگاہی دی جائے گی، ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر نے الوداعی ملاقات کی۔ بیک ہاؤس ڈیوس روڈ پر ہونے والی ملاقات میں پنجاب اور ایران کے مابین معاشی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات کے دوران لاہور میں امام خمینی ہسپتل کے قیام کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



کراچی: میئر کراچی کے پارکنگ بتانے کے انکشاف کے باوجود بولٹن مارکیٹ میں پارکنگ ناپید کا راج ہے

پنجاب سول ڈیفنس ریزیلینس کور کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہے ہیں

شہری بطور رضاکار سول ڈیفنس کا حصہ بننے کیلئے آن لائن پورٹل VCD.HOME.GOP.PK پر رجسٹریشن کروائیں

50 کروڑ روپے سے جدید آلات کی خریداری، 4 لاکھ شہری رضاکار رجسٹرڈ، 28 افسران میں لیپ ٹاپ تقسیم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے دِشن پر "محفظ پنجاب" کے تحت صوبائی حکومت سول ڈیفنس ریزیلینس کور کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اور مزید فعال بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی زیر صدارت سول ڈیفنس ریزیلینس کور سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری ڈیفنس پلاننگ عظمیٰ سلیم، ڈائریکٹر سول ڈیفنس جنرل نواز اور صوبہ بھر کے ڈی ڈی اوز نے شرکت کی۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

چلغوزے کے جنگلات قدرتی طور پر اگتے ہیں

اس پھل کو اتارنے کا کام زور و شور سے جاری ہے، چلغوزے یہاں کے لوگوں کے لیے ایک اہم معاشی ذریعہ ہے

ایک درخت سے کم از کم 40000 ہزار روپے تک کا چلغوزہ حاصل کیا جا سکتا ہے

تکوٹ (این این آئی) سوئم سرما کی سوغات چلغوزہ ایک قیمتی خشک میوہ ہے، چلغوزے کے جنگلات قدرتی طور پر اگتے ہیں، چلغوزے کو حاصل کرنے کا عمل کافی محنت طلب ہوتا ہے کیونکہ یہ درختوں کی اونچی شاخوں پر لگتا ہے، چلغوزے کو حاصل کرنے کا عمل کافی مشکل ہوتا ہے، یہ صرف ایک درخت سے کم از کم 40000 ہزار روپے تک کا چلغوزہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔



کراچی: سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کے صدر عبدالہادی سندھ لیبر سیکرٹری ساجد جمال ابڑو کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کراچی کی ترقی کا سفر رکنے نہیں دیں گے، عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے

شہریوں کو پانی کی فراہمی بہتر بنانے کے اقدامات تیز کرنے کے ساتھ نالائی اور ڈرائنیج کی روزانہ صفائی کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے

ترجمان میئر کراچی کی زمزمہ کلفٹن سے گزری تک 10 انچ نئی پانی کی لائن کی تبدیلی کا کام تیز کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) میئر کراچی کے ترجمان اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے

پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ صورت رکنے نہیں دیں گے، شہری بہتری کے لیے اٹھائے گئے ہر قدم کو سراہتے ہیں، وقاصی نے کہا ہے کہ کراچی کی ترقی کا سفر

امریکا ایران تنازع، تیل کمپنیاں ممالک کو پاکستانی برآمدات میں کمی پکارا ہوئی، بھارت کے ساتھ تجارت 2019ء کے بدترین نچلی سطح پر گر گئی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کے اجلاس میں امریکا ایران تنازع کے پاکستان کی تیل کی مختلف ممالک کے ساتھ تجارت پر اثرات کا جائزہ لیا گیا جبکہ سیکرٹری تجارت جواد پال نے پاکستان کی تیل کی مختلف ممالک کو برآمدات پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ امریکا ایران تنازع کے دوران پاکستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

مریم نواز کسانوں کی خوشحالی اور زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہیں، سلمیٰ بٹ

کوئی قیت 32 سو روپے فی من مقرر، مزخوص پر خرید و فروخت کو تیجی بنایا جائے گا جس پر مل درآمد کے لیے ضلعی سطح پر کمیاں تشکیل دی گئی ہیں

کسانوں کی خوشحالی، زرعی معیشت کا استحکام اور فوڈ سیکیورٹی کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، صوبائی وزیر

سرگودھا (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک، لائیو سٹاک و کمپنیز پنجاب سلمیٰ بٹ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کسانوں کی خوشحالی اور زرعی شعبہ کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہیں۔ کسانوں کی خوشحالی، زرعی معیشت کا استحکام اور فوڈ سیکیورٹی کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات ہیں۔ زرائع کے مطابق صوبائی وزیر فوڈ سیکیورٹی و کمپنیز پنجاب سلمیٰ بٹ نے بھلوال، وہٹ نحو چوپٹ پنجاب 2026 کے دوران محمود خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسان کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)



گروپ کیپٹن شہید عاصم طارق قتل کیس، پراسیکیوشن کے 10 گواہوں کے بیانات قلمبند

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت نے گروپ کیپٹن شہید عاصم طارق کے قتل کے کیس میں پراسیکیوشن کے 10 گواہوں کے بیانات قلمبند کرلیے۔ کیس کی سماعت انسداد دہشتگردی عدالت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

لاہور: پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر چوہدری پرویز الٰہی سے پارٹی کے رکن اسمبلی و پنجاب کابینہ کے رکن اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

عالمی منڈی میں ٹیکسٹائل برآمدات برقرار رکھنے کے لیے ماحول دوست سپلائی چین ناگزیر قرار

صنعتی پیداوار، خریداری اور سپلائی چین کے انتظام میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ساتھ عملی تربیت بھی ضروری ہے

عالمی خراب اب مصنوعات کے معیار اور قیمت کے ساتھ ماحولیاتی کارکردگی کو بھی اہمیت دے رہے ہیں، ماہرین

کراچی (این این آئی) عالمی منڈی میں پاکستانی ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات کا مقابلہ برقرار رکھنے کے لیے ماحول دوست سپلائی چین، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور بین الاقوامی معیارات کے مطابق پیداواری نظام کو فروغ دینا ضروری ہے۔ عالمی خریداراب مصنوعات کے معیار اور قیمت کے ساتھ ماحولیاتی کارکردگی کو بھی اہمیت دے رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار صنعت اور تعلیمی شعبے سے وابستہ ماہرین نے ایس ای ذی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے اساتذہ کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)




اسلام آباد: قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد خان یوسف کے تعاون سے منعقدہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کی قومی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

فیصل آباد کی ٹیکسٹائل انڈسٹری شدید بحران کا شکار، حکومتی اقدامات کا مطالبہ

فیصل آباد کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کو بحران سے نکالنے کے لیے فوری، مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں

بڑھتے اخراجات اور ٹیکسوں سے صنعت اور مزدور متاثر ہو رہے ہیں، عنصر مراد ہاشمی



فیصل آباد (خاص رپورٹ) فیصل آباد کی ٹیکسٹائل انڈسٹری ان دنوں شدید معاشی مشکلات اور بدحالی کا شکار ہے، تاہم صورتحال نہ صرف صنعتی شعبے بلکہ لاکھوں محنت کشوں، مزدوروں اور ان سے وابستہ خاندانوں کے معاشی مستقبل کے لیے بھی تشویشناک صورت اختیار کر چکی ہے۔ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی مسلسل گرتی ہوئی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

ترپیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں خرابی، ملک میں بجلی کے شٹارٹ فال میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) ترپیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی سے ملک میں بجلی کے شٹارٹ فال میں اضافہ ہوگیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ترپیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے ترپیلا کے 2 یونٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)



کراچی: شہری رہنما عبدالرشید قریشی کے صدر حضرت مرزا کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سعودی عرب کا بلوچستان میں مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کا اظہار دلچسپی

سعودی سرمایہ کاروں کی بلوچستان میں دلچسپی صوبے کی معیشت، روزگار اور ترقی کے نئے امکانات کو وسعت دے گی

سعودی عرب کے سرمایہ کاروں کے ساتھ خطے کی مکمل منصوبوں میں تبدیل کرنے کیلئے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کریں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سعودی عرب نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مختلف منصوبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے صوبے کے بنیرمنو نوجوانوں کو سعودی عرب میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے اقدامات تیز کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ سعودی پاکستان جوائنٹ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزاد منصور بن محمد آل سعود نے بلوچستان پورڈ اکٹ الوسٹھ اینڈ ٹریڈ کے دائس چیئرمین جام کمال خان عالیانی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کی۔ دی رکنی سعودی کاروباری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

اسحاق ڈار کا ازبک ہم منصب سے رابطہ، دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا ازبکستان کے وزیر خارجہ عظیم اتوسیف سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

302 کے مقدمے میں بھی ضمانت ہو جاتی ہے، زین قریشی

شاہ محمود قریشی کی پی آئی سی میں دل کی دھڑکن کی نگرانی کی گئی، زین قریشی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شاہ محمود قریشی کے بیٹے زین قریشی نے کہا ہے کہ والد کے ہیپاٹوسیلولر ہائیڈ ہوا جس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

نیشنل آف کارڈیالوجی میں دل کی دھڑکن کی نگرانی کی گئی۔ معائنہ کرنے ہوئے زین قریشی نے کہا کہ والد شاہ محمود قریشی جمعہ کو جیل سے باہر نکلتے ہوئے پکڑنے کے باعث گر گئے تھے۔

بندرو ڈپر گھر میں آتشزدگی سے کمسن بچہ جاں بحق، ایک بچہ ہسپتال منتقل

گھر میں دھواں بھرنے سے کمسن بچہ دم گھٹنے زمرکی کی بازی ہار گیا، سال مکمل شدید دھوئیں سے متاثر ہوا

لاہور (این این آئی) بند روڈ کے علاقے میں واقع گھر میں آتشزدگی کے نتیجے میں کمسن بچہ دم گھٹنے سے جاں بحق جبکہ 9 سالہ بچے کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق گھر کی بالائی منزل کے کمرے میں رکھے کپڑوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ آتشزدگی کے باعث گھر میں دھواں بھر گیا جس سے کمسن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)



کراچی: میئر کراچی مرزا سندھ، شرجیل انعام میمن کراچی پریس کلب کے باہر صحافیوں کے احتجاج میں شریک ہیں

تیراہ سے افغان نیشنل آرمی کا تربیت یافتہ دہشت گرد گرفتار

گرفتار خارجی کی شناخت حکمت اللہ عرف حمزہ کے نام سے ہوئی ہے

تعلق افغانستان کے صوبے پکتیا کے گاں منگریال سے ہے، عباس احسن

پشاور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر آئی جی خیبر پختونخوا عباس احسن اور ترجمان ملاقاتی ترقی کونسل محمود جان بابر نے کہا ہے کہ خیبر کے علاقے تیراہ سے سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران افغان نیشنل آرمی کا تربیت یافتہ دہشت گرد کو گرفتار کر لیا ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی پی عباس احسن نے بتایا کہ گرفتار خارجی کی شناخت حکمت اللہ عرف حمزہ کے نام سے ہوئی ہے، جس کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

اسلام آباد میں ڈی ایم اے نے بری امام ہاس عمارت کو قبضے کی جگہ پر قرار دے دیا

ڈی ایم اے نے حکم امتناع ختم کرانے کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کیا ہے

بری امام ہاؤس ہائی کوئی عمارت ہمارے ریکارڈ پر موجود نہیں ہے، ڈی ایم اے

اسلام آباد (این این آئی) ڈی ایم اے نے بری امام ہاس عمارت کو قبضے کی جگہ پر قرار دے دیا۔ اسلام آباد کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے ایک متفرق درخواست کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ میں جواب جمع کرایا، جس میں کہا گیا کہ بری امام ہاس عمارت ہمارے ریکارڈ پر موجود نہیں ہے اور نہ ہی ہماری کوئی عمارت ہے۔ ڈی ایم اے نے بری امام ہاس عمارت کو قبضے کی جگہ پر قرار دے دیا۔ اسلام آباد کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی زمین سی ڈی اے ماضی میں انکروچمنٹ کر چکا اور اس جگہ کو انکروچمنٹ بھی مالکان کو پہنچا ہے۔

CamScanner

Daily **PUBLIC** Faisalabad

روزنامہ
پبلک
فیصل آباد
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ مدن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

پاکستان اور اسپین نے زراعت کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار

پاکستان اور اسپین نے زراعت کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے بالخصوص زیتون کی کاشت، زیتون کے تیل کی پیداوار، جدید زرعی ٹیکنالوجی اور پانی کے پائیدار استعمال کے شعبوں میں تعاون پر اتفاق رائے سامنے آیا ہے۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین اور اسپین کے وزیر برائے زراعت، ماہی پروری و خوراک لوئس پلاناس پوچادس کے درمیان ترکیہ میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے زیتون کی کاشت، زیتون کے تیل کی پیداوار و پراسیسنگ، زرعی تحقیق اور جدید زرعی طریقوں کے فروغ میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر زرعی مشینری، دقیق کاشتکاری، موثر آبپاشی کے نظام اور استعمال شدہ پانی کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کی ٹیکنالوجی میں اسپین کے تجربات سے استفادے کے امکانات بھی زیر بحث آئے۔ اسپین کے وزیر نے جدید آبپاشی، دقیق کاشتکاری اور پانی کے پائیدار انتظام کے شعبوں میں اپنے ملک کی تکنیکی مہارت پاکستان کے ساتھ شیئر کرنے کی پیشکش کی اور اس ضمن میں تکنیکی معلومات اور کامیاب تجربات کے تبادلے پر آمادگی ظاہر کی۔ اسپین کے وزیر نے پاکستان کی جانب سے ایک تکنیکی وفد اسپین بھیجنے کی تجویز کا بھی خیر مقدم کیا، تاکہ وفد وہاں جدید زرعی طریقوں کا جائزہ لے، متعلقہ اداروں سے تبادلہ خیال کرے اور تکنیکی معلومات و ٹیکنالوجی کی منتقلی کے عملی امکانات تلاش کر سکے۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے زیتون کی کاشت اور زیتون کے تیل کی صنعت کے فروغ میں پاکستان کی نمایاں صلاحیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ زیتون کے باغات کے انتظام، جدید پراسیسنگ، معیار کے تعین، ویلیو ایڈیشن اور عالمی منڈیوں میں رسائی کے حوالے سے اسپین کے تجربات سے استفادہ پاکستان کے زیتون کے شعبے کی پیداوار اور مسابقتی صلاحیت بڑھانے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے پانی کی بڑھتی ہوئی قلت اور موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پانی کے موثر استعمال پر مبنی جدید زرعی ٹیکنالوجیز اپنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ دقیق کاشتکاری، جدید آبپاشی اور آبی وسائل کے موثر استعمال میں تعاون سے زرعی پیداوار میں اضافہ، پیداواری لاگت میں کمی اور پائیدار زرعی ترقی کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ ملاقات میں زرعی تحقیق کے اداروں، تکنیکی ماہرین اور متعلقہ تنظیموں کے درمیان روابط مضبوط بنانے، استعداد کار میں اضافے، ٹیکنالوجی کے تبادلے اور زرعی جدت کے فروغ کے لیے تعاون کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

طالبان کی نام نہاد امارت کا مستقبل غیر یقینی، افغان عوام کی آزادی کی جدوجہد جاری رہے گی۔ مارشل عبدالرشید دوستم

افغانستان کی موجودہ سیاسی صورت حال، طالبان حکومت کے مستقبل اور ملک میں جاری داخلی کشمکش کے حوالے سے افغان نیشنل موومنٹ پارٹی کے سربراہ اور سابق افغان نائب صدر مارشل عبدالرشید دوستم کا بیان ایک مرتبہ پھر اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ افغانستان میں سیاسی استحکام کا سوال ابھی تک حل طلب ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ طالبان کی نام نہاد امارت زیادہ دیر برقرار نہیں رہ سکے گی اور یہ رجیم بالآخر اپنے انجام کو پہنچے گی۔ مارشل دوستم کا یہ بیان محض سیاسی مخالفت کا اظہار نہیں بلکہ افغانستان کے مستقبل، عوامی آزادی، سیاسی نمائندگی اور حکومتی جواز سے متعلق ایک وسیع تر بحث کا حصہ ہے۔ ان کے موقف کے مطابق افغان عوام نے آزادی اور اپنے بنیادی حقوق کے لیے جو قربانیاں دی ہیں، انہیں فراموش نہیں کیا جا سکتا اور نئی نسل ان قربانیوں کے مقاصد کو آگے بڑھانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ مارشل عبدالرشید دوستم نے اس موقع پر افغان شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان کے عوام آزادی کی جدوجہد میں اپنی جانیں دینے والوں کو کبھی نہیں بھولیں گے۔ ان کے بقول افغان نوجوان اب پہلے سے زیادہ باشعور ہیں، وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور آزادی کے لیے شہدا کے مشن کو آگے بڑھانے کا عزم رکھتے ہیں۔ اس بیان میں افغانستان کی نئی نسل کو مستقبل کی سیاسی اور

تجزیہ بی این پی

سماجی تبدیلی کا اہم محرک قرار دیا گیا ہے۔ یہ امر قابل توجہ ہے کہ کسی بھی معاشرے میں تعلیم یافتہ نوجوان طبقہ قومی شعور، سیاسی آگہی اور اجتماعی تبدیلی کے عمل میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ افغانستان جیسے ملک میں، جہاں گزشتہ کئی دہائیوں سے جنگ، بیرونی مداخلت، سیاسی عدم استحکام اور داخلی تصادم نے معاشرتی ڈھانچے کو متاثر کیا ہے، نوجوان نسل کی تعلیم اور فکری تربیت غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق طالبان حکومت کے مستقبل سے متعلق مارشل دوستم کا بیان افغانستان میں موجود سیاسی اختلافات اور اقتدار کے بارے میں پائے جانے والے متضاد تصورات کی عکاسی کرتا ہے۔ طالبان نے اگست 2021ء میں کابل کا اقتدار سنبھالنے کے بعد ملک میں اپنی طرز کا حکومتی نظام قائم کیا، تاہم اس نظام کو داخلی اور عالمی سطح پر متعدد چیلنجز کا سامنا ہے۔ افغانستان میں سیاسی شمولیت، خواتین کی تعلیم و ملازمت، شہری آزادیوں، معاشی مواقع اور مختلف نسلی و سیاسی گروہوں کی نمائندگی جیسے معاملات مسلسل بحث کا موضوع بنے ہوئے ہیں۔ ان مسائل کا حل کیے بغیر پائیدار سیاسی استحکام حاصل کرنا ایک مشکل مرحلہ دکھائی دیتا ہے۔ افغانستان کی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ وہاں طاقت کے ذریعے قائم ہونے والے سیاسی نظاموں کو دیرپا استحکام حاصل کرنے میں مشکلات پیش آتی رہی ہیں۔ مختلف ادوار میں حکومتوں کی تبدیلی، داخلی جنگوں اور بیرونی طاقتوں کی مداخلت نے ریاستی اداروں کو کمزور کیا اور عوام کو طویل عرصے تک عدم تحفظ کی کیفیت میں رکھا۔ اس پس منظر میں مارشل دوستم کی جانب سے طالبان حکومت کے مستقبل پر سوال اٹھانا اس سیاسی کشمکش کا تسلسل ہے جو افغانستان میں مختلف نظریات اور سیاسی قوتوں کے درمیان موجود ہے۔ تاہم کسی بھی حکومت کے مستقبل کا تعین صرف سیاسی بیانات یا مخالفین کی پیش گوئیوں سے نہیں بلکہ اس کی داخلی پالیسیوں، عوامی حمایت، حکومتی کارکردگی، معاشی حالات اور بین الاقوامی تعلقات سے ہوتا ہے۔

افغان عوام کے لیے اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ ملک میں ایسا سیاسی نظام قائم ہو جو تمام شہریوں کو بنیادی حقوق فراہم کرے، مختلف قومیتوں اور طبقات کو قومی دھارے میں شامل کرے اور اختلاف رائے کو برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ افغانستان پشتون، تاجک، ازبک، ہزارہ اور دیگر نسلی و سماجی گروہوں پر مشتمل ایک متنوع معاشرہ ہے۔ اس تنوع کو سیاسی قوت کے بجائے اختلاف اور تصادم کا سبب بنانا کسی بھی حکمران نظام کے لیے مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔ قومی یکجہتی کے لیے ضروری ہے کہ اقتدار کی تشکیل میں تمام طبقات کو مناسب نمائندگی حاصل ہو اور ریاستی ادارے کسی ایک گروہ یا نظریے کے بجائے پورے ملک کے مفادات کی ترجمانی کریں۔ مارشل عبدالرشید دوستم کا نوجوانوں کی تعلیم اور شعور پر زور دینا بھی اسی تناظر میں اہمیت رکھتا ہے۔ کسی بھی قوم کی آزادی اور ترقی کا مستقبل صرف سیاسی نعروں سے وابستہ نہیں ہوتا بلکہ تعلیم، معاشی خودمختاری، فکری آزادی اور ادارہ جاتی استحکام اس کی بنیادی شرائط ہیں۔ افغان نوجوان اگر اعلیٰ تعلیم کے مواقع حاصل کرتے ہیں اور قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے قابل ہوتے ہیں تو وہ افغانستان کو مسلسل جنگ اور بدامنی کے دائرے سے نکالنے میں موثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے ضروری ہے کہ ملک میں تعلیمی اداروں کو مضبوط بنایا جائے، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں اور خواتین سمیت معاشرے کے تمام طبقات کو تعلیم اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم ہوں۔

دوسری جانب افغانستان میں سکیورٹی کی صورت حال بھی تشویش کا باعث بنی ہوئی ہے۔ اسی تناظر میں صوبہ غلان میں افغان عبوری وزیر داخلہ سراج الدین حقانی کے ذاتی محافظ کے قتل کا واقعہ خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ اطلاعات کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے قاری نور جان احمدزئی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ ان کی لاش سڑک کے کنارے سے برآمد ہوئی جس پر گولیوں کے نشانات موجود تھے۔ یہ واقعہ اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ حکومتی شخصیات اور ان سے وابستہ اہلکاروں کو بھی سکیورٹی کے حوالے سے خطرات لاحق ہیں۔ افغان میڈیا اور مقامی ذرائع کے مطابق یہ واقعہ ضلع وند غوری میں پیش آیا۔ مقتول کی شناخت قاری نور جان احمدزئی کے نام سے ہوئی ہے، جو طیب بدری کے نام سے بھی جانے جاتے تھے۔ ان کا تعلق صوبہ غلان کے اسی ضلع سے تھا۔ مقامی ذرائع کا کہنا ہے کہ قاری نور جان اپنے اہلخانہ سے ملاقات کے لیے آبائی علاقے آئے ہوئے تھے، جہاں نامعلوم مسلح افراد نے انہیں نشانہ بنایا۔ بعدازاں ان کی لاش سڑک کنارے ملی۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش پائی جاتی ہے، تاہم دستیاب اطلاعات میں حملہ آوروں کی شناخت یا ان کے ممکنہ مقاصد کے بارے میں کوئی حتمی تفصیل سامنے نہیں آئی۔ اس قتل کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ مقتول کو افغان عبوری وزیر داخلہ سراج الدین حقانی کا ذاتی محافظ بتایا گیا ہے۔ کسی اہم حکومتی عہدیدار کے قریبی سکیورٹی اہلکار کا اس انداز میں قتل ہونا محض ایک انفرادی واردات تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس سے متعلقہ سکیورٹی انتظامات، مقامی حالات اور ممکنہ اندرونی یا بیرونی خطرات کے بارے میں سوالات بھی جنم لیتے ہیں۔ تاہم تحقیقات اور قابل اعتماد شواہد کے بغیر اس واقعے کو کسی مخصوص گروہ، سیاسی دھڑے یا تنظیم سے منسوب کرنا درست نہیں ہوگا۔

بدترین سموگ: لاہور کی زہریلی فضا اور انسانی زندگی کو لاحق سنگین خطرات

لاہور کی فضاؤں میں پھیلتی سموگ اب محض موسمی تبدیلی یا چند ہفتوں پر محیط ماحولیاتی مسئلہ نہیں رہی بلکہ ایک ایسے سنگین انسانی بحران کی شکل اختیار کر چکی ہے جس کے اثرات شہریوں کی صحت، زندگی کے معیار، معاشی سرگرمیوں اور آنے والی نسلوں کے مستقبل تک پھیل رہے ہیں۔ فضائی آلودگی سے متعلق ایک ملکی ادارے کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے 31 اکتوبر سے 6 نومبر کے دوران لاہور میں آلودگی کی سطح 530 سے بھی تجاوز کر گئی۔ اس صورت حال کی سنگینی کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ شہر کی آلودہ فضا میں ایک دن سانس لینا تقریباً دس سگریٹ پینے کے برابر نقصان دہ قرار دیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب عالمی ایئر کوالٹی انڈیکس نے اتوار کے روز بھی لاہور کو دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار دیا، جہاں فضا میں موجود باریک اور خطرناک ذرات پی ایم 2.5 کی مقدار عالمی ادارہ صحت کے مقرر کردہ معیار سے 34.6 گنا زیادہ ہو چکی ہے۔

یہ اعداد و شمار کسی معمولی ماحولیاتی خرابی کی نشاندہی نہیں کرتے بلکہ ایک ایسے خطرے کی تصویر پیش کرتے ہیں جو لاہور کے ڈیڑھ کروڑ سے زائد شہریوں کو براہ راست اپنی لپیٹ میں لیے ہوئے ہے۔ بچے، بزرگ، خواتین، دمے اور سانس کی بیماریوں میں مبتلا افراد اور کھلے ماحول میں کام کرنے والے محنت کش اس آلودگی سے زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں۔ تاہم اس کا مطلب یہ نہیں کہ صحت مند افراد محفوظ ہیں۔ زہریلی فضا میں مسلسل سانس لینے سے انسانی جسم کے مختلف اعضا متاثر ہوتے ہیں

تجزیہ بی این پی

اور بالخصوص نظام تنفس اور قلبی صحت کے لیے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ یوں لاہور کا شہری محض سڑکوں، بازاروں اور گھروں میں آلودگی کا سامنا نہیں کر رہا بلکہ اس کی روزمرہ زندگی کا بنیادی عمل، یعنی سانس لینا بھی صحت کے لیے ایک مستقل آزمائش بنتا جا رہا ہے۔

طبی ماہرین اس امر کی نشاندہی کر چکے ہیں کہ لاہور جیسے آلودہ شہر میں فضائی آلودگی کے باعث شہریوں کی اوسط عمر میں سات سال تک کی واقع ہو سکتی ہے۔ یہ انکشاف اس مسئلے کی سنگینی کو سمجھنے کے لیے کافی ہے کہ سموگ کا نقصان صرف آنکھوں میں جلن، گلے کی خراش، کھانسی یا سانس کی تکلیف تک محدود نہیں رہتا بلکہ طویل المدتی بنیادوں پر انسانی زندگی کے دورانیے کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔ فضائی آلودگی کے باریک ذرات پھیپھڑوں میں داخل ہو کر جسم کے اندرونی نظام کو متاثر کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سموگ کے دنوں میں ہسپتالوں اور طبی مراکز پر مریضوں کا دباؤ بڑھنے کے ساتھ ساتھ معمول کی سرگرمیاں بھی متاثر ہوتی ہیں۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق لاہور میں سموگ کی شدت کو محض سردیوں کی آمد یا موسمی حالات کا نتیجہ قرار دینا مسئلے کی حقیقی نوعیت سے صرف نظر کرنے کے مترادف ہوگا۔ موسمی عوامل آلودگی کو فضا میں برقرار رکھنے یا اس کی شدت بڑھانے میں کردار ادا ضرور کرتے ہیں، لیکن بنیادی مسئلہ ان ذرائع سے پیدا ہونے والی آلودگی ہے جنہیں موثر منصوبہ بندی، جدید ٹیکنالوجی، قانون پر عمل درآمد اور اجتماعی ذمہ داری کے ذریعے قابو کیا جا سکتا ہے۔ گاڑیوں کا دھواں، صنعتی اخراج، اینٹوں کے بھٹوں سے پیدا ہونے والی آلودگی، فصلوں کی باقیات جلانے کا عمل، تعمیراتی سرگرمیوں سے اڑنے والی گرد و غبار اور کچرے کو آگ لگانے جیسے عوامل اس مسئلے کی شدت میں اضافہ کرتے ہیں۔ ان تمام ذرائع کو الگ الگ سمجھنے اور ان کے تدارک کے لیے مخصوص حکمت عملی اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ ماہرین موسمیات رواں ہفتے بارشوں کے ایک سلسلے کی توقع ظاہر کر رہے ہیں، جس سے لاہور کی فضا میں موجود آلودگی کی شدت عارضی طور پر کم ہونے کا امکان ہے۔ بارش فضا میں موجود گرد و غبار اور بعض آلودہ ذرات کو زمین پر گرا کر فضائی معیار میں بہتری لا سکتی ہے، لیکن یہ کسی مستقل حل کا متبادل نہیں۔ اگر بارش کے بعد بھی گاڑیوں، صنعتوں، بھٹوں اور دیگر ذرائع سے آلودگی کا اخراج اسی رفتار سے جاری رہے تو چند روز میں صورت حال دوبارہ سنگین ہو سکتی ہے۔ اس لیے بارش کو قدرت کی جانب سے ملنے والی عارضی مہلت سمجھنا چاہیے، نہ کہ سموگ کے مسئلے کا خاتمہ۔

بدقسمتی سے ہمارے ہاں ماحولیاتی مسائل کے تدارک کے لیے اکثر ردعمل پر مبنی حکمت عملی اختیار کی جاتی ہے۔ جب سموگ کی شدت خطرناک حد تک پہنچ جاتی ہے تو مختلف پابندیاں عائد کرنے، تعلیمی اداروں کے اوقات تبدیل کرنے، کاروباری سرگرمیوں کو محدود کرنے، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی اور مصنوعی اقدامات کے ذریعے صورت حال بہتر بنانے کی کوشش شروع ہو جاتی ہے۔

نئے صوبوں کی تشکیل سیاسی مفادات نہیں بلکہ عوامی سہولت، متوازن ترقی اور قومی یکجہتی کی بنیاد پر ہونی چاہیے

تجزیہ۔ راجا محمد الیاس کیانی

پاکستان میں بہتر حکمرانی، انتظامی اصلاحات اور اختیارات کی عوام تک حقیقی منتقلی کا سوال کوئی نیا نہیں، لیکن بدقسمتی سے قیام پاکستان کے بعد گزرنے والی تقریباً آٹھ دہائیوں میں اس بنیادی مسئلے کو وہ اہمیت نہیں دی گئی جس کا یہ متقاضی تھا۔ آبادی میں غیر معمولی اضافہ، شہری مراکز پر بڑھتا ہوا دباؤ، وسائل کی غیر متوازن تقسیم، پسماندہ علاقوں میں بنیادی سہولتوں کی عدم دستیابی اور صوبائی حکومتوں کے اختیارات کا چند بڑے شہروں تک محدود رہنا ایسے مسائل ہیں جنہوں نے قومی ترقی کے عمل کو متاثر کیا ہے۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کی جانب سے چھوٹے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کی ضرورت پر اظہار خیال اسی تناظر میں ایک اہم پیش رفت ہے، جسے محض سیاسی بیان سمجھ کر نظرانداز کرنے کے بجائے قومی سطح پر سنجیدہ بحث کا موضوع بنایا جانا چاہیے۔

خواجہ محمد آصف نے بجا طور پر نشاندہی کی ہے کہ ملک کی آبادی اور ضروریات میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے، اس لیے طاقت اور اختیارات کا ارتکاز لاہور، کراچی، کوئٹہ اور پشاور جیسے صوبائی دارالحکومتوں تک محدود نہیں رہنا چاہیے۔ ان کے مطابق صوبائی دارالحکومتوں کے اختیارات مختلف انتظامی یونٹس اور مقامی اداروں کو منتقل ہونے چاہئیں تاکہ حکومتی فیصلوں اور وسائل کا فائدہ براہ راست عوام تک پہنچ سکے۔ ان کا یہ موقف بھی قابل غور ہے کہ وفاق کی جانب سے صوبوں کو منتقل کیے جانے والے مالی وسائل اکثر صوبائی حکومتوں کے انتظامی دائرے میں ہی محدود رہ جاتے ہیں، حالانکہ ان وسائل کا حقیقی مصرف عوامی ضروریات اور بلدیاتی اداروں کی مضبوطی ہونا چاہیے۔ سیاستدانوں کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ اقتدار اور اختیار ذاتی ملکیت نہیں بلکہ عوام کی امانت ہیں۔

یہی وہ بنیادی نکتہ ہے جسے سمجھنے میں ہماری سیاسی قیادت مسلسل تاخیر کرتی رہی ہے۔ جمہوری نظام کا اصل مقصد اختیارات کو چند افراد یا اداروں تک محدود رکھنا نہیں بلکہ انہیں عوام کے قریب لانا ہے۔ اگر کسی علاقے کے شہریوں کو اپنے روزمرہ مسائل کے حل کے لیے ضلعی یا تحصیل سطح کے بجائے صوبائی دارالحکومت کے حکام کی طرف دیکھنا پڑے تو یہ انتظامی نظام کی کمزوری ہے۔ پانی، صفائی، سڑکوں، صحت، تعلیم، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولتوں کے فیصلے مقامی ضروریات اور ترجیحات کے مطابق ہونے چاہئیں۔ ان معاملات میں غیر ضروری مرکزی کنٹرول نہ صرف وقت اور وسائل ضائع کرتا ہے بلکہ عوام اور حکومت کے درمیان فاصلے بھی بڑھا دیتا ہے۔

پاکستان کے موجودہ انتظامی ڈھانچے کا جائزہ لیا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ آبادی اور رقبے کے اعتبار سے ہمارے صوبے دنیا کے متعدد ممالک سے بڑے ہیں۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق پنجاب کی آبادی 182 ممالک، سندھ کی 162 ممالک اور خیبر پختونخوا کی 152 ممالک سے زیادہ ہے، جبکہ رقبے کے لحاظ سے بلوچستان 172 ممالک سے بڑا ہے۔ اس غیر معمولی حجم کے باوجود صوبوں کو انتظامی طور پر محدود تعداد میں بڑے یونٹس کی صورت میں چلایا جا رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب آبادی، معاشی ضروریات، شہری پھیلاؤ اور انتظامی تقاضوں میں اتنی بڑی تبدیلی آ چکی ہے تو حکومتی ڈھانچے کو اسی تناسب سے جدید اور موثر بنانے میں تاخیر کیوں کی جا رہی ہے؟ دنیا کے مختلف ممالک نے وقت کے ساتھ اپنی انتظامی ضروریات کے مطابق نئے صوبے، ریاستیں، ریجن اور مقامی حکومتوں کے مضبوط نظام تشکیل دیے ہیں۔ ان اقدامات کا بنیادی مقصد عوام کو انتظامیہ تک رسائی دینا، وسائل کی تقسیم بہتر بنانا اور ترقیاتی سرگرمیوں کو مقامی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ پاکستان میں بھی اس حقیقت کو تسلیم کرنے کی ضرورت ہے کہ 1947ء کے انتظامی نقشے کو آج کی آبادی، معیشت اور سماجی ضروریات پر منطبق نہیں کیا جا سکتا۔ محض اس بنیاد پر انتظامی اصلاحات کی مخالفت کرنا کہ ماضی میں ایسا نہیں ہوا، ترقی کے تقاضوں سے انحراف کے مترادف ہے۔

صوبوں کے اندر ترقیاتی عدم توازن اس مسئلے کی ایک نمایاں شکل ہے۔ بڑے شہروں میں سرکاری دفاتر، اعلیٰ تعلیمی ادارے، بڑے ہسپتال، صنعتی مراکز، تجارتی سرگرمیاں اور روزگار کے مواقع نسبتاً زیادہ دستیاب ہیں، جبکہ دور دراز اضلاع اور دیہی علاقوں کے شہری بنیادی سہولتوں کے لیے بھی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں۔

سعودی تاریخی ورثے پر پاکستانی سفیر کی پینٹنگز کی نمائش، شہزادہ سلطان اور راحیل شریف کی شرکت

نمائش میں سعودی عرب کے تاریخی علاقے الدرعیہ، قدیم عرب معاشرت، روایات اور ثقافت کو خوبصورتی سے اجاگر کیا گیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں پاکستانی سفیر احمد فاروق کی تخلیق کردہ پینٹنگز کی نمائش کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہزادہ سلطان بن سلمان آل سعود اور اسلامی عسکری اتحاد کے کمانڈر جنرل (ر) راحیل شریف سمیت اہم شخصیات نے شرکت کی۔ ڈپلومیٹک کوارٹر میں منعقدہ نمائش میں پاکستانی سفیر کے تیار کردہ فن پارے پیش کیے گئے، جن میں سعودی عرب کے تاریخی علاقے الدرعیہ، قدیم عرب معاشرت، روایات اور ثقافت کو خوبصورتی سے اجاگر کیا گیا۔ مختلف ممالک کے سفیروں اور دیگر شرکا نے فن پاروں کو سراہا۔ اس موقع پر سفیر پاکستان احمد فاروق نے کہا کہ سعودی عرب قدیم عرب روایات اور تاریخی ورثے کا امین ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ تین سال سے وہ تاریخی علاقے الدرعیہ کو اپنی پینٹنگز کا موضوع بنا رہے ہیں۔

نمایاں کارکردگی پر چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے افسران و سٹاف میں تعریفی اسناد تقسیم

بچوں کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے مشن کی تکمیل میں موثر کردار ادا کرنے والے افسران و اہلکاروں کی خدمات قابل تحسین ہیں۔

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو سارہ احمد نے بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی اور فرائض کی احسن ادائیگی پر بیورو کے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و سٹاف ارکان میں تعریفی اسناد تقسیم کیں اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ اس اقدام کے تحت ادارے کی کارکردگی میں موثر کردار ادا کرنے والے افسران و اہلکاروں کی خدمات کا باضابطہ اعتراف کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرپرسن سارہ احمد نے کہا کہ ملازمین کی حوصلہ افزائی، بہترین کارکردگی کے اعتراف اور ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافے کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔

سندھ میں معدنیات کی تلاش اور برآمد کے لیے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو دعوت

کان کنی کے منصوبوں سے مقامی افراد کو روزگار اور متاثرہ علاقوں کی بحالی یقینی بنائی جائے گی، وزیراعلیٰ مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبے میں معدنی وسائل کی تلاش، جدید کان کنی، پروسیسنگ اور برآمدی صنعتوں کے فروغ کے لیے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ معدنی شعبے میں شفاف قوانین، مسابقتی مراعات اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے گا۔ کان کنی کے منصوبوں میں مقامی افراد کو روزگار کی فراہمی اور متاثرہ علاقوں کی بحالی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ سندھ کی زیر صدارت معدنی وسائل کی استعداد اور سرمایہ کاری کے مواقع سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔

یمنی فوج کا حوثیوں سے جھڑپوں میں اہم تزویراتی پہاڑی علاقے کہبوب پر کنٹرول کا دعویٰ

تعز اور لحج میں بھاری توپ خانے اور فضائی حملوں کے ذریعے حوثیوں کو نقصان پہنچایا گیا، متعدد فوجی گاڑیاں بھی تباہ

صنعا (این این آئی) یمن کی سرکاری افواج نے حوثی جنگجوؤں کے ساتھ تازہ جھڑپوں کے بعد آبنائے باب المندب پر نظر رکھنے والی اہم کہبوب پہاڑیوں کا کنٹرول سنبھالنے کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق سرکاری افواج نے کئی محاذوں پر حوثی ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کے لیے کارروائیاں کیں جبکہ تعز صوبے کے جبل صبر میں شدید جھڑپیں ہوئیں۔ یمنی حکومت کی افواج کا کہنا تھا کہ انہوں نے لحج صوبے میں حوثیوں کا حملہ پسپا کیا

اترپردیش، 16 سالہ دلت لڑکی کی اجتماعی آبروریزی، ہسپتال میں دم توڑ دیا

"بی جے پی" سمیت دیگر ہندو توا تنظیمیں اقلیتی برادریوں کے خلاف فرقہ وارانہ نفرت کو مسلسل فروغ دے رہی ہیں

لکھنؤ (این این آئی) بی جے پی کی زیر اقتدار ریاست اترپردیش میں ایک 16 سالہ دلت لڑکی کو اجتماعی آبروریزی کا نشانہ بنایا گیا۔ لڑکی بعد آزاں ہسپتال میں تقریباً ایک ہفتے تک زندگی اور موت کی کشمکش میں رہنے کے بعد انتقال کر گئی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق، فیروز آباد ضلع کی رہائشی اس کم سن لڑکی کو یکم نومبر کو تین افراد نے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا، گلا دبایا اور اس پر وحشیانہ تشدد کیا۔ وہ آگرہ کے ایک ہسپتال میں علاج کے دوران زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسی۔ لڑکی کو ایک کھیت سے نیم بے ہوشی کی حالت میں برآمد کیا گیا تھا۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق، اسے جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا گیا تھا، اس کی گردن ٹوٹی ہوئی تھی، جبڑا کچلا ہوا تھا اور جسم کے مختلف حصوں کی ہڈیاں ٹوٹی ہوئی تھیں۔ اسے وینٹی لیٹر پر رکھا گیا تھا لیکن اس کی حالت انتہائی تشویشناک رہی اور وہ اپنی موت سے قبل اپنا بیان ریکارڈ نہ کروا سکی۔ پولیس کا کہنا ہے ملزمان میں سے ایک کئی ماہ سے لڑکی کو جانتا تھا، وہ اسے بہلا پھسلا کر قریبی کھیت میں لے گیا۔ جب لڑکی نے ان کی جانب سے کی جانے والی مبینہ جنسی زیادتی کی مزاحمت کی، تو ان تینوں افراد نے مبینہ طور پر اس کا گلا گھونٹا اور اس کا جبڑا اور جسم کی ہڈیاں کچل دیں، اور پھر اسے مردہ سمجھ کر وہیں چھوڑ دیا۔

جموں، ہول سیل اناج منڈی میں آتشزدگی کے واقعے کیخلاف تاجروں کی 72 گھنٹے کی ہڑتال

آگ دیوالی کی رات کے دوران لگی اور تیزی سے احاطے میں پھیل گئی، واقعے میں 48 سے 54 دکانوں کو شدید نقصان پہنچا

جموں (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں "جموں" شہر کی سب سے بڑی ہول سیل اناج منڈی میں 72 گھنٹے کی ہڑتال کی جا رہی ہے، جس میں دیوالی کی رات 15 سے زائد دکانیں اور گودام جل کر تباہ ہو گئے تھے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق گودام مارکیٹ کے تاجروں نے اپنی برادری کے متاثرہ افراد سے اظہار یکجہتی اور ان کے لیے حکومتی معاوضے کے اپنے مطالبے پر زور دینے کیلئے تمام کاروباری سرگرمیاں 72 گھنٹوں کے لیے بند کر رکھی ہیں۔ ویئر ہاؤس ٹریڈرز ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے غفلت برتی اور بروقت کارروائی عمل میں نہیں لائی۔ قریبی فائر سٹیشن کی موجودگی کے باوجود فائر ٹینڈرز کو جائے وقوع پر پہنچنے میں تقریباً 90 منٹ لگے۔ تاجر معاملے کی تحقیقات اور جوابدہی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ آگ دیوالی کی رات کے دوران لگی اور تیزی سے احاطے میں پھیل گئی۔ واقعے میں 48 سے 54 دکانوں کو شدید نقصان پہنچا۔ ہڑتال کی وجہ سے ہول سیل مارکیٹ کے معمول کے کام متاثر ہوئے ہیں، تاجروں نے مال کی نقل و حرکت اور لوڈنگ اور ان لوڈنگ کی سرگرمیاں روک دی ہیں۔ تاجر نمائندوں نے نقصانات کا فوری ازالہ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ یہ واقعہ جموں ریلوے اسٹیشن کے قریب شیو مارکیٹ آتشزدگی کے ایک اور بڑے واقعے کے چند دن بعد پیش آیا ہے۔

قتل کیس میں سزائے موت اور عمر قید پانے والے 2 ملزمان لاہور ہائیکورٹ سے بری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قتل کے مقدمے میں سزائے موت پانے والے عابد اور عمر قید کی سزا پانے والے حق نواز کی اپیلیں منظور کرتے ہوئے دونوں کو باعزت بری کر دیا۔

آزاد جموں و کشمیر میں پبلک ہیلتھ ایسوسی ایشن کا باضابطہ قیام

ممتاز شہرت کے حامل ڈاکٹر سردار منظور حسین ایسوسی ایشن کے پہلے صدر منتخب

مظفرآباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر میں پبلک ہیلتھ ایسوسی ایشن کا باضابطہ قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ صحت عامہ آزاد کشمیر کے ایڈمن کیڈر سے تعلق رکھنے والے جملہ افسران نے متفقہ طور پر ممتاز شہرت کے حامل ڈاکٹر سردار منظور حسین کو ایسوسی ایشن کا پہلا صدر منتخب کر لیا۔ دیگر منتخب عہدیداران میں ڈاکٹر عامر عزیز سینئر نائب صدر، ڈاکٹر عبدالحسین نائب صدر، ڈاکٹر حیاب افضل کیانی جنرل سیکرٹری، ڈاکٹر محمد نصر اللہ جوائنٹ سیکرٹری، ڈاکٹر مجیب احمد چوہدری سیکرٹری اطلاعات، ڈاکٹر منظور حسین سیکرٹری مالیات، ڈاکٹر طاہر جمیل ٹیکنیکل سیکرٹری (میل) جبکہ ڈاکٹر حفظ اشتیاق ٹیکنیکل سیکرٹری (فیمیل) منتخب ہوئے۔

روشم قتل کیس: آئی جی سندھ سمیت اعلیٰ پولیس افسران کو شوکاز نوٹس

تفتیشی افسر تبدیل نہ کرنے پر عدالت کا اظہار برہمی، 17 نومبر تک وضاحت طلب

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت غربی نے روشم قتل کیس میں توہین عدالت کی درخواست پر آئی جی سندھ، ڈی آئی جی ویسٹ، ایس ایس پی ویسٹ، ایس آئی او اور تفتیشی افسر کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے 17 نومبر تک وضاحت طلب کر لی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج غربی کی عدالت میں روشم قتل کیس سے متعلق توہین عدالت کی درخواست کی سماعت ہوئی۔ اس موقع پر عدالت نے تفتیشی افسر کی تبدیلی نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے استفسار کیا کہ تفتیشی افسر کو تبدیل کیوں نہیں کیا گیا؟

لاہور میں منعقدہ 16ویں نیشنل جوجتسو چیمپئن شپ باغ کے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی

ضلع باغ سے 5 کھلاڑیوں نے شرکت کی، چیمپئن شپ میں آزاد کشمیر کی ٹیم نے مجموعی طور پر چار برونز میڈلز اپنے نام کیے

باغ (این این آئی) واپڈا اسپورٹس کمپلیکس لاہور میں منعقدہ 16ویں نیشنل جوجتسو چیمپئن شپ میں ملک بھر سے کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ ایونٹ میں آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان، اسلام آباد، پنجاب، سندھ اور بلوچستان کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ یہ ایک انتہائی دلچسپ اور سنسنی خیز ایونٹ تھا۔ مختلف ٹیموں کے کھلاڑیوں کی مہارت اور کھیل کے معیار کو دیکھ کر جہاں حیرت ہوئی، وہیں بہت کچھ سیکھنے کا موقع بھی ملا۔ سفری مشکلات اور وہاں قیام و انتظامات کی دشواری اپنی جگہ، لیکن کھیل کے سنسنی خیز مقابلوں اور دلچسپ لمحات نے تمام تھکن دور کر دی۔

کراچی سمیت سندھ بھر میں 2 ماہ کے دوران ڈینگی کے سب سے زیادہ کیسز رپورٹ

رواں سال کراچی میں 2369 ڈینگی کیسز رپورٹ ہوئے جبکہ ڈینگی سے ایک شخص کی ہلاکت ہوئی

کراچی (این این آئی) کراچی سمیت سندھ بھر میں گزشتہ دو ماہ کے دوران ڈینگی کے سب سے زیادہ کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق رواں ماہ ستمبر اور اکتوبر کے دوران ڈینگی کے 2 ہزار 55 کیسز رپورٹ ہوئے۔ سندھ میں اکتوبر کے دوران 777 اور ستمبر میں 335 ڈینگی کیسز رپورٹ ہوئے۔ کراچی میں اکتوبر میں 495 اور ستمبر میں 448 ڈینگی کیسز رپورٹ کیے گئے۔ ضلع شرقی میں ڈینگی کے سب سے زیادہ 709 کیسز رپورٹ ہوئے۔

پٹرول اور ڈیزل سستا، پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کا اعلان

مختلف ٹرانسپورٹ کمپنیوں نے سو روپے تک کرائے مزید کم کر دیے

لاہور (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد پبلک ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں کمی کا اعلان کیا ہے۔ مختلف ٹرانسپورٹ کمپنیوں نے 100 روپے تک کرائے مزید کم کر دیے۔ گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بھی مزید تین فیصد تک کم ہو گئے۔ سیکرٹری آر ٹی اے لاہور رانا محسن نے کہا کہ تمام بس اڈوں پر نئے کرایہ نامے آویزاں کر دیے گئے ہیں، پرانے یا زائد کرائے وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ تمام بس اڈوں پر نئے کرایہ ناموں کا اطلاق فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا ریلیف عوام تک پہنچایا جا رہا ہے۔

لیاری میں جائیداد کا تنازع، والدہ اور سابق رکن امن کمیٹی کے خلاف مقدمہ درج

بیٹی کا اغوا، 50 لاکھ روپے سے زائد چھیننے، تشدد اور قتل کی دھمکیاں دینے کا الزام، ملزمان تاحال گرفتار نہ ہو سکے

کراچی (این این آئی) لیاری کی رہائشی خاتون نے جائیداد کے تنازع پر اپنی والدہ شیریں بانو اور کالعدم لیاری امن کمیٹی کے سابق رکن شاہد رحمان سمیت دیگر افراد کے خلاف اغوا، 50 لاکھ روپے سے زائد رقم چھیننے، تشدد، بدتمیزی اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کا مقدمہ درج کروا دیا۔ ذرائع کے مطابق مقدمے میں نامزد شاہد رحمان نے مبینہ طور پر گینگ وار کے کارندوں کو دوبارہ منظم کرنا شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لیاری کے علاقے شاہ ولی اللہ روڈ، نیا آباد کی رہائشی عائشہ بی بی دختر عبدالرزاق میمن نے 7 نومبر 2026 کو کلری تھانے میں اپنا بیان ریکارڈ کراتے ہوئے الزام عائد کیا کہ ان کی والدہ شیریں بانو، جو ان کے والد سے خلع لینے کے بعد اسی عمارت کی اوپری منزل پر رہائش پذیر ہیں۔

از دفتر ڈسٹرکٹ کونسل فیصل آباد

پبلک نوٹس

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل فیصل آباد، پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 کے سیکشن 105،104 اور ٹیکسیشن رولز 2016 کی دفعہ (3) کے تحت درج ٹیکسز / فیس ہائے، ریٹس وغیرہ کا نفاذ و ترامیم کرنا چاہتی ہے جس کا اطلاق گزٹ نوٹیفکیشن کی جاری تاریخ سے ہوگا تاکہ غیر قانونی تعمیر کی حوصلہ شکنی ہو سکے۔

لہٰذا ڈسٹرکٹ کونسل فیصل آباد کی علاقائی حدود میں ٹیکسز / فیس ہائے اور ریٹس کا نفاذ اور ترامیم کی تجویز دی جاتی ہے۔ جس سے یقینی طور پر عوام الناس پر واضح اثرات مرتب ہوں گے۔ ٹیکسز / فیس ہائے اور ریٹس کا اطلاق مروجہ قانون کے مطابق ہوگا۔ سابقہ شیڈول میں درج تمام مدات میں کمی بیشی اور رد و بدل گورنمنٹ کے مروجہ قواعد و ضوابط کے مطابق کیا جا رہا ہے۔

جو کاروباری حضرات و دیگر عوام الناس ان تجویز شدہ ٹیکس ہائے / فیس ہائے کے نفاذ پر اعتراض کرنا چاہتے ہیں وہ درج ذیل ٹیکسیشن پروگرام کے مطابق اپنے تحریری اعتراضات مقررہ تاریخ تک دفتر ڈسٹرکٹ کونسل فیصل آباد کو بھجوا دیں۔ بعد گزرنے معیاد کوئی اعتراض / تجویز قابل سماعت نہ ہوگی۔ ٹیکسیشن رولز کے تحت ایڈمنسٹریٹر ڈسٹرکٹ کونسل فیصل آباد بوقت 11:00 بجے دن اعتراضات / تجاویز کی جاری پر سماعت کریں گے۔

نمبر شمار	اقسام	منظور شدہ ریٹ	مجوزہ ریٹ
1	کمپوزیشن / مصالحتی فیس (بلا اجازت تعمیر رہائشی اور بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزی)	5 روپے مربع فٹ (کورڈ ایریا)	15 روپے مربع فٹ (کورڈ ایریا)
2	کمپوزیشن / مصالحتی فیس (بلا اجازت تعمیر کمرشل اور بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزی)	10 روپے مربع فٹ (کورڈ ایریا)	30 روپے مربع فٹ (کورڈ ایریا)
3	کمپوزیشن / مصالحتی فیس (بلا اجازت تعمیر انڈسٹریل اور بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزی)	10 روپے مربع فٹ (کورڈ ایریا)	30 روپے مربع فٹ (کورڈ ایریا)
4	فیس برائے این او سی پٹرول پمپ، LPG، فارم ہاؤس، متعلقہ تمام این او سی	150000 روپے	300000 روپے
5	کمپلیشن سرٹیفکیٹ بلڈنگ منظور شدہ نقشہ کے مطابق ہونے کی صورت میں (i) رہائشی (ii) کمرشل و دیگر	-	2000 روپے فی مرلہ (رہائشی) 4000 روپے فی مرلہ (کمرشل و دیگر)
6	کمپوزیشن / مصالحتی فیس تنصیب ٹیلی فون / موبائل ٹاورز / BTS بدون قبل منظوری	-	15000 روپے فی مرلہ
7	فیس ریگولیشن منظور شدہ کمرشل مارکیٹ / بلڈنگ برائے بجلی و گیس کنکشن (مالک ادا کرے گا) فیس بجلی اور گیس کے لیے الگ الگ وصول کی جائے گی	-	5000 روپے فی کنال کل رقبہ پر

ٹیکسیشن پروگرام

1- تاریخ وصولی اعتراضات / تجاویز 10-12-2026

2- تاریخ سماعت اعتراضات / تجاویز 14-12-2026

3- تاریخ منظوری اتھارٹی 17-12-2026

IPL:11911

چیف آفیسر
ڈسٹرکٹ کونسل فیصل آباد

CamScanner

بقیہ نمبر 1

امکانات بھی زیر بحث آئے۔اسپین کے وزیر نے جدید آبپاشی، ورٹیکل کاشتکاری اور پانی کے پائیدار انتظام کے شعبوں میں اپنے ملک کی تکنیکی مہارت پاکستان کے ساتھ شیئر کرنے کی پیشکش کی اور اس ضمن میں تکنیکی معلومات اور کامیاب تجربات کے تبادلے پر آمادگی ظاہر کی۔اسپین کے وزیر نے پاکستان کی جانب سے ایک تکنیکی وفد اسپین بھیجنے کی تجویز کا بھی خیر مقدم کیا، تاکہ وفد وہاں جدید زرعی طریقوں کا جائزہ لے، متعلقہ اداروں سے تبادلہ خیال کرے اور تکنیکی معلومات و ٹیکنالوجی کی منتقلی کے عملی امکانات تلاش کر سکے۔وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے زیتون کی کاشت اور زیتون کے تیل کی صنعت کے فروغ میں پاکستان کی نمایاں صلاحیت کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ زیتون کے باغات کے انتظام، جدید پراسیسنگ، معیار کے تعین، ویلیو ایڈیشن اور عالمی منڈیوں میں رسائی کے حوالے سے اسپین کے تجربات سے استفادہ پاکستان کے زیتون کے شعبے کی پیداوار اور مسابقتی صلاحیت بڑھانے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔وفاقی وزیر نے پانی کی بڑھتی ہوئی قلت اور موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پانی کے مؤثر استعمال پر مبنی جدید زرعی ٹیکنالوجیز اپنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ورٹیکل کاشتکاری، جدید آبپاشی اور آبی وسائل کے مؤثر استعمال میں تعاون سے زرعی پیداوار میں اضافہ، پیداواری لاگت میں کمی اور پائیدار زرعی ترقی کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ملاقات میں زرعی تحقیق کے اداروں، تکنیکی ماہرین اور متعلقہ تنظیموں کے درمیان روابط مضبوط بنانے، استعداد کار میں اضافے، ٹیکنالوجی کے تبادلے اور زرعی جدت کے فروغ کے لیے تعاون کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں پاکستان اور اسپین نے تکنیکی تعاون، علم و تجربات کے تبادلے اور جدید و پائیدار زرعی طریقوں کے فروغ کے ذریعے زراعت کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 2

کی خلیجی ممالک کو برآمدات میں کمی ریکارڈ ہوئی، بھارت کے ساتھ تجارت 2019 سے بند ہے۔ بریفنگ کے مطابق مارچ تا جون 2026 خلیجی ممالک کو پاکستانی برآمدات میں 32.3 فیصد کمی ہوئی، مارچ تا جون 2025 خلیجی ممالک کو برآمدات 98 کروڑ 6 لاکھ ڈالر تھیں۔ بریفنگ کے مطابق رواں سال برآمدات کم ہو کر 66 کروڑ 37 لاکھ ڈالر رہ گئیں، جولائی تا اکتوبر 2026 برآمدات میں گزشتہ سال کے مقابلے 6.4 فیصد کمی ریکارڈ ہوئی۔ بریفنگ کے مطابق جولائی تا اکتوبر خلیجی ممالک کو برآمدات 1 ارب 88 کروڑ 90 لاکھ ڈالر سے کم ہو کر 1 ارب 1 کروڑ 91 لاکھ ڈالر رہ گئیں۔ بریفنگ کے مطابق مارچ تا جون 2026 یو اے ای کو پاکستانی برآمدات میں 42.7 فیصد کمی ریکارڈ ہوئی، اسی عرصے میں سعودی عرب کو برآمدات 1.7 فیصد اور عمان کو 25.1 فیصد کم ہوئیں۔ سیکرٹری تجارت کے مطابق خلیجی جنگ سے پاکستان کی تجارت متاثر ہوئی ہے، ایران پر پابندیوں کے خوف کے باعث بینک تجارت کیلئے تعاون نہیں کر رہے، ایران سے کچھ ایل پی جی آئی ہے۔انھوں نے بتایا کہ پاکستان کی زیادہ تجارت خلیجی ممالک سے متاثر ہوئی ہے، افغانستان سے تجارت بند ہونے کے باعث برآمدات میں ایک ارب ڈالر کمی ہوئی۔سیکرٹری تجارت کے مطابق افغانستان کی راہداری سے وسطی ایشیائی ریاستوں کو برآمدات میں کمی ہوئی، پاکستان کی کینو اور آلو کی برآمدات متاثر ہوئیں۔ جاوید حنیف نے پوچھا تجارت بند کرنے کا فیصلہ کیوں کیا گیا؟ سیکرٹری تجارت کہا کہ قومی سلامتی کی وجہ سے تجارت بند کی گئی۔سیکرٹری تجارت نے کہا کہ قومی سلامتی سب سے اہم ہے، بھارت کے ساتھ تجارت 2019 سے بند ہے۔ جاوید حنیف نے کہا کہ بھارت کے ساتھ تجارت دبئی سے ہو رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ چین اور بھارت کے درمیان بھی کشیدگی ہے مگر تجارت رکی نہیں گی

بقیہ نمبر 3

رڈ اور گرین ٹریکٹر پروگرام کے ذریعے کسانوں کو اربوں روپے کا ریلیف فراہم کیا گیا اور اب گندم و گنا کی بہتر قیمت مقرر کر کے کسانوں کو ان کی محنت کا پورا معاوضہ دلانا چاہتے ہیں۔ سلمیٰ بٹ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی خواہش ہے کہ گندم کی کٹائی کے موقع پر کسان کو اس کی فصل کا معاوضہ گھر کی دہلیز پر ملے یہی وجہ ہے کہ گندم کی کاشت کے فروغ اور پیداواری اہداف کے حصول کے لیے کسانوں کو بھرپور سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں، سلمیٰ بٹ نے کہا کہ کنو کی قیمت 32 سو روپے فی من مقرر کی جس کی مقررہ نرخوں پر خرید و فروخت کو یقینی بنایا جائے گا جس پر عمل درآمد کے لیے ضلعی سطح پر کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ سلمیٰ بٹ نے کہا کہ کنو، گندم اور آلو کی ویلیو ایڈیشن کے ذریعے نئی مصنوعات تیار کر کے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا۔ پاکستانی زرعی مصنوعات کو عالمی منڈیوں تک پہنچانے کے لیے سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے، صوبائی وزیر نے کہا کہ زرعی مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن سے کسانوں کی آمدن میں نمایاں اضافہ ممکن ہوگا۔صدر کسان شوکت علی نے کہا کہ کنو کی قیمت 32 سو روپے فی من مقرر کرنے پر حکومت پنجاب اور ڈپٹی کمشنر سرگودھا کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں مرکزی صدر چیمبرز آف فوڈ نے کہا کہ کسان خوشحال ہوگا تو ملک کی فوڈ سکیورٹی مضبوط اور معیشت مستحکم ہوگی۔اس موقع پر زرعی شعبے کی ترقی، جدید کاشتکاری، ویلیو ایڈیشن اور کسانوں کی آمدن میں اضافے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور آخر میں صوبائی وزیر سلمیٰ بٹ کو یادگاری شیلڈ دی گئی۔

بقیہ نمبر 4

کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کی۔سماعت کے دوران پراسیکیوٹر نوید حسین نے کہا کہ یہ حساس نوعیت کا کیس ہے، روزانہ کی بنیاد پر چلایا جائے۔انہوں نے کہا کہ وکلا صفائی آج ریکارڈ کیے گئے گواہوں پر جرح کریں۔اے ٹی سی اسلام آباد نے (آج) جمعرات کو پراسیکیوشن کے باقی تمام گواہوں کو طلب کر لیا

بقیہ نمبر 5

STEM سینٹر میں دوسرے گلوبل پروکیورمنٹ اینڈ سپلائی چین سمٹ 2027 کے آغاز کے موقع پر منعقدہ نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 6

بنتی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایڈووکیٹ منصور مراد ہاشمی نے اپنے ایک بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ فیصل آباد کو پاکستان کا مانچسٹر کہا جاتا ہے اور یہاں کی معیشت کا بڑا حصہ ٹیکسٹائل انڈسٹری سے وابستہ ہے۔اس صنعت سے لاکھوں افراد براہ راست اور بالواسطہ روزگار حاصل کرتے ہیں، لیکن بدقسمتی سے صنعت کو درپیش مسائل کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں اور روزگار کے مواقع محدود ہوتے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ صنعت کاروں کو درپیش بڑھتے ہوئے پیداواری اخراجات، بجلی و گیس کے نرخوں، ٹیکسوں اور دیگر معاشی مشکلات نے ٹیکسٹائل سیکٹر کی مسابقتی صلاحیت کو شدید متاثر کیا ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو اس کے اثرات صرف صنعت کاروں تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ مزدور طبقہ، چھوٹے کاروباری افراد اور ملکی برآمدات بھی متاثر ہوں گی۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فیصل آباد کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کو بحران سے نکالنے کے لیے فوری، مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں، بجلی و گیس کے نرخوں میں صنعت دوست پالیسی اپنائی جائے، ٹیکسوں کے نظام میں بہتری لائی جائے اور صنعت کاروں کو کاروبار جاری رکھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ فیصل آباد کی صنعت کو نظرانداز کرنا درحقیقت لاکھوں محنت کش خاندانوں کے معاشی مستقبل کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہے۔حکومت کو چاہیے کہ وہ زبانی دعووں کے بجائے عملی اقدامات کرے تاکہ صنعتی پہیہ دوبارہ پوری رفتار سے چل سکے اور روزگار کے مواقع محفوظ بنائے جا سکیں۔

بقیہ نمبر 7

بند ہو گئے جس کے سبب بجلی کی دستیابی میں کمی سے لاہور سمیت پنجاب اور ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو میں شارٹ فال 800 میگاواٹ تک جا پہنچا ہے جس کے باعث لاہور میں شام کے بعد 4 گھنٹے تک غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری ہے ادھر وزارت توانائی کی جانب سے تمام کمپنیوں کو لوڈشیڈنگ شیڈول جاری کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ نمبر 8

وفد کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع، دستیاب وسائل اور تیار منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے بلوچستان کے تیار سرمایہ کاری منصوبوں میں عملی طور پر حصہ لینے اور مختلف منصوبوں میں تعاون کی یقین دہانی کرائی۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سعودی کاروباری وفد کی بلوچستان آمد پر نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کے سرمایہ کاروں کے ساتھ تعاون کو عملی منصوبوں میں تبدیل کرنے کیلئے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ سعودی سرمایہ کاری سے بلوچستان میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی، صوبے میں بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سازگار ماحول اور سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سعودی عرب کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو مضبوط اقتصادی اور تجارتی شراکت داری میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں، بلوچستان قدرتی وسائل، معدنیات، زراعت اور لائیو سٹاک سمیت دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع رکھتا ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سعودی سرمایہ کاروں کی بلوچستان میں دلچسپی صوبے کی معیشت، روزگار اور ترقی کے نئے امکانات کو وسعت دے گی

بقیہ نمبر 9

میں پاکستان اور ازبکستان کے درمیان تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) اور اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے فورمز پر اشتراک عمل کے امور پر بھی بات چیت کی۔دونوں رہنماؤں نے مشترکہ علاقائی ترجیحات کے حصول کے لیے قریبی رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ترجمان کے مطابق وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ازبکستان کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔

بقیہ نمبر 10

تعلق افغانستان کے صوبے پکتیا کے گاؤں منگریال سے ہے۔عباس احسن نے کہا کہ گرفتار خارجی افغان نیشنل آرمی سے بھی منسلک رہا اور اس نے افغان آرمی سے تربیت حاصل کی تھی، اسے 7 نومبر کو گرفتار کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ گرفتار دہشت گرد گل بہادر گروپ کے ساتھ بھی کام کر چکا ہے۔اس کے ساتھیوں اور تربیت فراہم کرنے والوں سے متعلق معلومات حاصل کر لی گئی ہیں۔ایڈیشنل آئی جی کے مطابق گرفتار دہشت گرد کے سرحد پار اور پاکستان میں موجود دہشت گردوں سے رابطے ہیں، افغانستان میں کھلے عام پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔ترجمان علاقائی ترقی کونسل محمود جان بابر

CamScanner

ڈنمارک کی سفیر کا فیصل آباد ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ منصوبے کا دورہ

33 ملین گیلن یومیہ گندا پانی صاف کر کے قابلِ استعمال بنایا جائے گا، منصوبے سے ماحولیاتی آلودگی میں کمی آئے گی

پراجیکٹ کی تکمیل سے مشرقی علاقوں کے شہریوں کو جدید دنیا کے معیار کے مطابق صاف اور صحت مند ماحول میسر آئے گا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان میں ڈنمارک کی سفیر مایا ڈیروس مورٹنسن (M. Derrous Mortensen) نے فیصل آباد کا دورہ کیا اور ڈنمارک کے تعاون سے واسا فیصل آباد کے زیر انتظام ایسٹرن ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پراجیکٹ کا وزٹ کیا۔ ڈینش وفد، مینجنگ ڈائریکٹر واسا ثاقب رضا، پراجیکٹ ڈائریکٹر حافظ اویس جمال و دیگر بھی موجود تھے۔ ڈینش سفیر مایا ڈیروس مورٹنسن نے ویسٹ واٹر پراجیکٹ پر تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور اس پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے پراجیکٹ کو فیصل آباد کے عوام کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیا کیونکہ پراجیکٹ کی تکمیل سے شہر کے مشرقی علاقہ کے شہریوں کو ماحولیاتی اور فضائی آلودگی سے نجات حاصل ہوگی جس سے شہریوں کو صحت بخش ماحول مہیا ہوگا۔ ڈنمارک کی سفیر نے پراجیکٹ ٹیم، واسا فیصل آباد کی ٹیم کے مابین کوارڈی نیشن کو اہم قرار دیا اور مستقبل میں بھی ایسے مزید منصوبوں پر کام کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے پنجاب حکومت، صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ اور ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے حکام سے ملاقاتیں کر کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)



فیصل آباد۔ ڈائریکٹر کیمیکل مرچنٹس ایسوسی ایشن کے اجلاس سے صدر محمد جمیل احمد چوہان، ڈائریکٹر جنرل پی ایس آئی آرو ڈاکٹر اعجاز احمد، نائب صدر محمد رشید، محمد عارف بھٹی، سیکرٹری محمود الٰہی، فنانس سیکرٹری عبداللہ انور، محمد آصف، مغیث کوکھر و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ڈیجیٹل صحافت کے دور میں سچائی اور عوامی اعتماد کا تحفظ صحافیوں کی بنیادی ذمہ داری ہے، علی ڈار

ڈیجیٹل صحافت پروگرام نے صحافیوں کو خبر کی تصدیق اور مصنوعی ذہانت کے جدید ٹولز تک رسائی فراہم کی ہے

لاہور (این این آئی) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے اے آئی، بین الاقوامی تعاون و خصوصی اقدامات علی ڈار نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت کے تیزی سے بدلتے ہوئے دور میں صحافت کا سب سے بڑا چیلنج سچائی اور عوامی اعتماد کو برقرار رکھنا ہے، جب جعلی ویڈیوز بنانا اور آوازوں کی نقل تیار کرنا ممکن ہو چکا ہے تو صحافیوں کے لیے خبر کی تصدیق اور حقائق کی پہچان پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گئی ہے۔ علی ڈار نے ان خیالات کا اظہار لاہور میں گوگل اور تھنک ویلی کے زیر اہتمام ڈیجیٹل صحافت امپیکٹ ایونٹ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل صحافت پروگرام کے تحت اب تک پاکستان بھر میں 4 ہزار سے زائد صحافیوں اور طلبہ کو تربیت فراہم کی جا چکی ہے۔

چیف منسٹر پنجاب کی ہدایت: بغیر سند یافتہ عطائیوں کے خلاف کریک ڈاؤن

DDHO ڈاکٹر زبیر انور کی قیادت میں فیصل آباد صدر میں کارروائیاں، شہریوں کو مریم نواز ہیلتھ کلینکس سے علاج کی ہدایت


حکومت پنجاب کے قائم کردہ مریم نواز ہیلتھ کلینکس، ہسپتالوں اور رورل ہیلتھ سینٹرز میں 24 گھنٹے کوالیفائیڈ عملہ اور مفت ادویات میسر ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سیکرٹری ہیلتھ کی ہدایت پر فیصل آباد صدر اور گردونواح میں بغیر سند یافتہ عطائی ڈاکٹروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو ہیلتھ اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DDHO) ڈاکٹر زبیر انور کی قیادت میں ہیلتھ ٹیموں نے فیصل آباد کے سرگودھا روڈ، جھنگ روڈ اور مختلف علاقوں میں سرپرائز چھاپے مار کر متعدد غیر قانونی کلینکس سیل کر دیے اور کیس پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کو بھجوا دیے گئے عطائیوں کے خلاف قانونی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

جی سی یونیورسٹی میں تین روزہ کتاب میلہ، وائس چانسلر کا دورہ، مطالعے کے فروغ پر زور

جدید ٹیکنالوجی کے باوجود کتاب کا مطالعہ علمی بصیرت کا اہم ذریعہ ہے، وائس چانسلر ڈاکٹر رؤف اعظم

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں جاری تین روزہ کتاب میلے کے دوسرے روز وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رؤف اعظم نے مختلف بک اسٹالز کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کو کتاب بینی کی طرف راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ مطالعہ علم، شعور، تنقیدی سوچ اور شخصیت سازی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل ذرائع کے باوجود کتاب کا مطالعہ علمی بصیرت اور تحقیق کے فروغ کا اہم ذریعہ ہے۔ شرکا نے بھی کتاب میلے کو طلبہ میں مطالعے کا شوق پیدا کرنے کے لیے ایک مفید اقدام قرار دیا۔ انچارج یونیورسٹی لائبریریز ڈاکٹر محمد طارق لطیف نے وائس چانسلر، ڈینز اور فیکلٹی ممبران کا استقبال کیا اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)



فیصل آباد: وائس چانسلر ڈاکٹر رؤف اعظم یونیورسٹی میں منعقدہ کتاب میلہ کا دورہ کر رہے ہیں

فیصل آباد بورڈ کے تحت 5 ہزار طلبہ کی آن سکرین مارکنگ پر تربیت

انٹرمیڈیٹ سیکنڈ سالانہ امتحان کے 51 مراکز میں ای شیٹ پر کرنے کا طریقہ سکھایا گیا، امتحانی شفافیت کیلئے جدید نظام متعارف

بورڈ انتظامیہ طلباء و طالبات کو جدید امتحانی سہولیات فراہم کرنے اور امتحانی عمل کو مزید شفاف اور مؤثر بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین کی خصوصی ہدایات اور ذاتی دلچسپی کے تحت امتحان انٹرمیڈیٹ (سیکنڈ سالانہ) 2026ء کے سلسلے میں آن سکرین مارکنگ کے نظام کو مؤثر، شفاف اور کامیاب بنانے کے لئے طلباء و طالبات کی رہنمائی اور تربیت کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ ایم سی ہائیر سیکنڈری سکول علامہ اقبال روڈ فیصل آباد میں کنٹرولر امتحانات حنا چوہدری نے آن سکرین مارکنگ کے طریقہ کار، ای شیٹ پُر کرنے کے مراحل اور دیگر ضروری امور کے بارے میں میڈیا نمائندگان کو تفصیلی آگاہی فراہم کی جبکہ ان کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ تعلیمی بورڈ فیصل آباد کی جانب سے امتحان انٹرمیڈیٹ (سیکنڈ اینول) 2026ء کے کمپیوٹر سائنس کے پیپر کے لئے فیصل آباد ڈویژن میں قائم 51 امتحانی مراکز میں پیپر شروع ہونے سے قبل طلباء و طالبات کی خصوصی ٹریننگ کا اہتمام بھی کیا گیا جس کا بنیادی مقصد انہیں آن سکرین مارکنگ کے جدید نظام سے روشناس کرانا اور ای شیٹ مکمل کرتے وقت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

ایل پی جی کی قیمت مقرر کرنے کا اختیار اوگرا سے لے لیا گیا، نجی کمپنی قیمت طے کرے گی

ایل پی جی صرف منظور شدہ دکانوں سے فروخت ہوگی، غیر قانونی فروخت پر کارروائی کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) ایل پی جی مافیا کو کنٹرول کرنے اور عوام کو سستی سرکاری قیمت پر ایل پی جی فراہم کرنے کے لیے ایل پی جی قیمت کا تعین اوگرا کے بجائے پی ایس او سمیت دیگر کمپنیوں پر مشتمل بنائی جانے والی کمپنی کرے گی، قیمت مقرر کرنے کے اختیارات اوگرا سے لے لیے گئے۔ ایل پی جی کی فروخت صرف قوانین کے تحت بننے والے ایل پی جی پمپس اور دکانوں سے ہوگی جبکہ غیر قانونی طور پر ایل پی جی فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی شروع ہوگی، عوام خالی سلنڈر دکاندار کو دے گی اور بھرا ہوا سلنڈر لے جائے گی تاکہ عوام کو حادثات سے بچایا جائے۔ حکومت کمپنیوں کے ساتھ مل کر سستے اور معیاری سلنڈر مارکیٹ میں فروخت کرے گی۔

پنجاب ریونیو اتھارٹی نے رواں مالی سال اکتوبر میں 33 ارب روپے سے زائد محصولات جمع کر لیے، گزشتہ سال 26 ارب روپے تھے

لاہور (این این آئی) چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت ماہانہ محصولات وصولی اور مقررہ اہداف کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکٹر وائز مقررہ اہداف، ٹیکس رجسٹرڈ کاروباروں اور افسران کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔



فیصل آباد۔ تحریک منہاج القرآن، تنظیم الاخوة کے زیر اہتمام نور ہدایت کانفرنس سے علامہ عدنان وحید، محمد ریاض کھرل، سید شفاعت رسول، حاجی امین القادری، غلام اکبر ساقی، حافظ محمد امجد، سید اطہر گیلانی، سید حمایت رسول، کاشف محمود، علامہ عزیز الحسن، جلال الدین، ذوالفقار علی، رب نواز، غلام مرتضیٰ، سعادت رسول، سہیل مقصود و دیگر خطاب کر رہے ہیں

صارفین کو آسان، محفوظ اور تیز رفتار خدمات کی فراہمی فیسکو کی اولین ترجیح ہے

ڈیجیٹل سہولیات کے فروغ سے صارفین گھر بیٹھے اپنے بجلی بل اور ڈیمانڈ نوٹس ادا کر سکتے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے پاور انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی (پی آئی ٹی سی) کے اشتراک سے صارفین کے لیے کیو آر کوڈ اسکین کر کے بجلی بلوں اور ڈیمانڈ نوٹس کی فوری ادائیگی کی سہولت متعارف کرا دی ہے۔ اس سہولت کے ذریعے صارفین بینکوں کی طویل قطاروں میں انتظار کے بغیر اپنی بینکنگ ایپ یا موبائل والٹ سے کسی بھی وقت ادائیگی کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر عابد رشید نے کہا کہ صارفین کو آسان، محفوظ اور تیز رفتار خدمات کی فراہمی فیسکو کی اولین ترجیح ہے۔ پی آئی ٹی سی کے تعاون سے متعارف کرائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

سیلز گرل پر وحشیانہ تشدد کرنے والا ملزم گرفتار

کرایا گیا ملزم حامد نے کوہ نور پلازہ میں لیڈیز گارمنٹس شاپ پر لڑکی میرا کو تشدد کا نشانہ بنایا

فیصل آباد (آن لائن) سیلز گرل پر وحشیانہ تشدد کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا گیا ملزم حامد نے کوہ نور پلازہ میں لیڈیز گارمنٹس شاپ پر لڑکی میرا کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ سی پی او فیصل آباد نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایچ او مدینہ ٹاؤن کو فوری ملزم کی گرفتاری کا حکم دیا

انجمن تاجران مرشد گروپ کے زیر اہتمام یوم اقبال کی تقریب

خواجہ محمد اسلام اور دیگر مقررین کا نوجوانوں کو اقبال کے افکار اپنانے اور عوامی خدمت کا پیغام

فیصل آباد (پ ر) مفکر پاکستان علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ کے یوم پیدائش کے حوالے سے انجمن تاجران مرشد گروپ کے زیر اہتمام حیدری فرنیچر مارٹ نڑوالہ روڈ پر تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی سابق ایم پی اے خواجہ محمد اسلام تھے تقریب میں انجمن تاجران مرشد گروپ کے چیئرمین پیارے بھائی شہزادہ اسلم، چیئرپرسن پیاری بہنا مصباح اسلم کے علاوہ انچارج انوسٹی گیشن تھانہ گلبرگ شاہ جہاں، چیئرمین لیبر قومی موومنٹ ملک نذیر، رانا حزل ایڈووکیٹ، رانا عابد، عاصم خان، ملک ذیشان، تکے زئی صدر یوتھ پارلیمنٹ پنجاب، رانا عبداللہ جنرل سیکرٹری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

عوامی شکایات کے فوری ازالے کیلئے محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن میں جدید کمپلینٹ سیل قائم

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوام دوست وژن کے تحت عوامی شکایات کے فوری حل کی جانب ایک اور اہم قدم اٹھاتے ہوئے محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن نے "قیمت ایپ" اور کنزیومر پروٹیکشن کونسلو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

این سی سی آئی اے سرکل ملتان کی کارروائی، آن لائن فراڈ کی شکار خاتون کی 7 لاکھ 11 ہزار روپے کی مکمل رقم ملزمان سے برآمد کر کے واپس کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے سرکل ملتان نے بڑی اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے آن لائن فراڈ کی شکار خاتون کی 7 لاکھ 11 ہزار روپے کی مکمل رقم ملزمان سے برآمد کر کے واپس کر دی۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

کریک ڈاؤن، ملک میں غیر قانونی سگریٹس کی فروخت 54 سے کم ہو کر 48 فیصد پر آ گئی

کریک ڈاؤن کے سبب سگریٹ سیکٹر سے ٹیکس وصولی 284 ارب روپے سے بڑھ کر 329 ارب روپے پر آ گئی

اسلام آباد (این این آئی) غیر قانونی سگریٹس کے خلاف حکومتی کریک ڈاؤن کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں، ملک میں غیر قانونی سگریٹس کی مارکیٹ میں حصہ داری 54 فیصد سے کم ہو کر 48 فیصد رہ گئی، سگریٹ سیکٹر سے ٹیکس وصولی 284 ارب روپے سے بڑھ کر 329 ارب روپے پر آ گئی۔ اس حوالے سے سینٹر فار مارکیٹ ایجوکیشن ملائیشیا کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق حکومتی اقدامات کے باعث سگریٹ سیکٹر سے ٹیکس وصولی 284 ارب روپے سے بڑھ کر 329 ارب روپے تک پہنچ گئی جس سے قومی خزانے کو 45 ارب روپے اضافی ٹیکس حاصل ہوا۔

غزہ کے متاثرین کیلئے فوری امداد کی اپیل

خیمے، کمبل، خوراک اور ادویات فراہم کی جائیں، چوہدری محسن سلیم



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و امیدوار برائے چیئرمین چوہدری محسن سلیم نے کہا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی جانب سے غزہ میں اسرائیلی جارحیت کی مذمت اور وزارت خارجہ کو فوری انسانی امداد کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کی ہدایات پاکستانی عوام، عالم اسلام اور پوری انسانیت کے جذبات کی ترجمانی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ غزہ میں بارشوں سے ڈوبتے خیمے، شدید سردی، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

پٹرولیم قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام تک نہ پہنچ سکا، تاجر رہنما

ٹرانسپورٹ کرایوں اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی یقینی بنانے کیلئے مؤثر نگرانی کا مطالبہ



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے سرپرست اعلیٰ و صدر انجمن تاجران سٹی فیصل آباد خواجہ شاہد رزاق سکا، جنرل سیکرٹری شیخ سعید احمد، ڈپٹی سیکرٹری میاں ریاض شاہد، چیئرمین مرزا اشرف مغل، صدر ینگ ٹریڈرز ملک سہیل نیاز طور اور ملک عباس اشرف اور سینئر تاجر رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے پٹرول کی قیمت میں 32 روپے اور ڈیزل کی قیمت میں 25 روپے فی لٹر کی کمی خوش آئند ہے۔

ایس ایم ایز کیلئے 300 ارب روپے مختص کرنے کا فیصلہ خوش آئند


حکومتی اقدام سے فیصل آباد کی ٹیکسٹائل سمیت برآمدی صنعتوں کو سستا سرمایہ ملے گا



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک نے وفاقی حکومت کی جانب سے ایکسپورٹ ری فنانس سکیم کے تحت ایس ایم ایز کیلئے 300 ارب روپے مختص کرنے کے فیصلے کی بھرپور تائید کرتے ہوئے اسے معاشی استحکام کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی پائیدار ترقی اور برآمدی حجم میں اضافے کے لیے ایس ایم ای سیکٹر کو فعال بنانا ناگزیر ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

یوم اقبال خودی اور اتحاد کا پیغام، دیوالی محبت اور روشنی کا تہوار ہے، سردار عمران

پاکستان کی اصل خوبصورتی مذہبی ہم آہنگی اور ثقافتی رنگارنگی میں ہے، رہنما پیپلز پارٹی



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی سٹی کے نوجوان رہنما سردار عمران نے یوم اقبال اور دیوالی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ آج کا دن ہمیں فکر اقبال کی روشنی میں اتحاد، بھائی چارے، رواداری اور انسانیت کے احترام کا درس دیتا ہے، جبکہ دیوالی خوشیوں، محبت اور امید کی روشنی پھیلانے کا تہوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ علامہ محمد اقبال نے ایک ایسے معاشرے کا خواب دیکھا جہاں انسان کی عزت، خودداری اور باہمی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

میاں طاہر ایوب کی امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سے ملاقات

جماعت اسلامی کے کارکنوں نے طویل دھرنے دے کر تاریخ رقم کر دی، جماعت اسلامی نے ملکی سیاست کا رخ تبدیل کر دیا ہے

ریلیف پیکج سے کام نہیں چلے گا، کسی پیکج کا اعلان اس وقت تک عوام کو حقیقی ریلیف نہیں دے سکتا جب تک بنیادی بوجھ کم نہ کیا جائے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے نو منتخب ضلعی امیر میاں طاہر ایوب نے منصورہ میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سے ملاقات کی اور ان سے فیصل آباد کے سیاسی اور تنظیمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی نے عوام کے حق کیلئے ہمیشہ پرامن احتجاجی تحریکیں چلائی ہیں۔ جماعت اسلامی کا پیٹرولیم لیوی خاتمہ کا مطالبہ اور متبادل تجاویز قومی معیشت کو بحرانوں سے نکالنے کا لائحہ عمل ہے۔ حکومت نے موجودہ مالی سال کے ابتدائی دو ماہ کے دوران پیٹرولیم لیوی کی مد میں 220 ارب روپے جمع کر لیے ہیں جو کہ ہدف سے بھی سو ارب روپے زیادہ ہیں، یہ عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد کے نتیجے میں عوام میں شعور بیدار ہوا ہے۔ لیوی پر عوامی آگاہی سے قبل جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کے خلاف احتجاج کیا اور حکومت کو ان سے بات کرنے پر مجبور کیا جس سے قومی خزانہ کو ساڑھے 4 ہزار ارب کا فائدہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پرامن جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں۔ جماعت اسلامی کے کارکنوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)



فیصل آباد عوامی ورکرز پارٹی مارکسسٹ ڈسٹرکٹ فیصل آباد کے تنظیمی اجلاس سے عاصم سجاد، عنایت علی گجر، بابا لطیف انصاری، میم سونیا بطرس و دیگر خطاب کر رہے ہیں

فکر اقبال اور فلسفہ خودی نوجوان نسل کیلئے مشعل راہ ہیں، ظفر شہزاد اسلم

علامہ اقبال کے افکار اپنانے اور امت مسلمہ کو اتحاد کا پیغام دینے کی ضرورت ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) دیوا ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان کے مرکزی چیئرمین ظفر شہزاد اسلم نے کہا کہ ایک سچے عاشق رسول اور عظیم مفکر پاکستان ڈاکٹر علامہ اقبال کو امت مسلمہ اور پاکستانی قوم آج بھی سلام عقیدت پیش کرتی ہے ہمارے طلبہ و طالبات فلسفہ خودی اور فکر اقبال کو اپنی زندگی کا مقصد حیات بنائے اسی میں دنیا و آخرت کی کامیابی ہے آج امت مسلمہ کے حکمران اگر حضرت ڈاکٹر اقبال کے فلسفہ خودی پر عمل کرتے یہودیوں کو فلسطین پر انسانیت سوز مظالم ڈھانے کی جرات نہ ہوتی کیونکہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

فکر اقبال پر عمل ہی علامہ اقبال سے محبت کا بہترین اظہار ہے، پیپلز لیبر بیورو

نوجوان نسل کلام اقبال کا مطالعہ کر کے خودی اور مسلسل جدوجہد کا جذبہ اپنائے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو فیصل آباد کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری لال حسین راشد بھٹی صدر فیصل آباد پی ایل بی سید علی اکبر کاظمی چندے شاہ نے کہا کہ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال سے محبت اور عقیدت کا بہترین اظہار ان کی فرمودات اور تعلیمات پر عمل کرنا ہے اقبال کا فلسفہ خودی خود احتسابی کا ہمہ وقت پیغام دیتا ہے، زبانی کلامی دعووں سے خود فریبی تو ہو سکتی ہے لیکن اپنے اسلاف کے بتائے ہوئے اصولوں سے سچی وفاداری نہیں ہو سکتی۔ ڈویژنل سینئر نائب صدر میاں ارشد ندیم بھٹی جنرل سیکرٹری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)



فیصل آباد: صدر وومن چیمبر آف کامرس کنول سعید سی پی او حسین کیساتھ ملاقات کر رہی ہیں

فیصل آباد الیکٹرونک انسٹالمنٹ ایسوسی ایشن لائنز کلب کا جنرل باڈی اجلاس

آپ ہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو مسائل کے حل کیلئے چن لیا ہے، آپ لوگ دکھی انسانیت کی جو خدمت کر رہے ہیں

مستحق اور نادار افراد کی کفالت اور دکھی انسانیت کی خدمت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار، صدر رانا محمد سکندر اعظم خاں کا خطاب

فیصل آباد (پ ر) فیصل آباد الیکٹرونک انسٹالمنٹ ایسوسی ایشن لائنز کلب کی جنرل باڈی میٹنگ صدر رانا محمد سکندر اعظم خاں کی صدارت میں ہوئی، میٹنگ میں سیکرٹری لائن چوہدری عاصم حبیب سپرا، ٹریژرار لائن چوہدری حبیب الرحمن گل، ممبران چوہدری امانت علی چوہدری، مقصود جٹ، ملک محمد علی، رانا فخر حیات خاں، ملک وقاص کے علاوہ دیگر ممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ صدر رانا محمد سکندر اعظم خاں نے میٹنگ کے شرکاء کو گزشتہ ماہ میں فیصل آباد الیکٹرونک انسٹالمنٹ ایسوسی ایشن لائنز کلب کی کارکردگی سے آگاہ کیا جبکہ سیکرٹری لائن چوہدری عاصم حبیب سپرا نے کلب کے آئندہ پروجیکٹ سے متعلق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

پی ٹی اے کی جانب سے فکسڈ لائن براڈ بینڈ سروسز کے معیار کا جائزہ، نیٹ ورک اور صارفین کی سطح پر سروے کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے سال 2026ء کی تیسری سہ ماہی کے دوران گلگت بلتستان سمیت ملک کے مختلف بڑے شہروں میں فکسڈ لائن براڈ بینڈ سروسز کے معیار (کوالٹی آف سروس) کا جائزہ لینے کے لیے نیٹ ورک اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

اسلام آباد میں سی ڈی اے کا خواتین کیلئے پنک الیکٹرک بس متعارف کرانے کا فیصلہ

پنک بس صرف ورکنگ ویمن، طالبات، بزرگ خواتین کیلئے مختص ہوگی، حکام سی ڈی اے

اسلام آباد (این این آئی) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے خواتین کے لیے پنک الیکٹرک بس متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ سی ڈی اے حکام کے مطابق پنک بس صرف ورکنگ ویمن، طالبات اور بزرگ خواتین کیلئے مختص ہوگی۔ حکام نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں 10 مختلف روٹس پر 30 پنک الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی، خواتین کیلئے مختص بس سے سفری مشکلات میں کمی آئے گی۔ حکام کے مطابق اسلام آباد کی الیکٹرک بسوں میں روزانہ سوا لاکھ مسافر سفر کر رہے ہیں۔ خواتین کیلئے مختص بس سے سفری مشکلات میں کمی آئے گی۔

کوہاٹ، مسلح افراد کی پولیس اہلکاروں پر فائرنگ، ڈی ایس پی سمیت 12 اہلکار زخمی

کوہاٹ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں غیر قانونی مائننگ کے خلاف آپریشن کے دوران مسلح افراد نے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ڈی ایس پی سمیت 12 اہلکار زخمی ہو گئے۔

قومی سلامتی، توانائی کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ذوالفقار شیخ

علامہ اقبال کا فلسفہ خودی ہی قومی سلامتی اور توانائی میں خود مختاری کا راستہ ہے، رہنما مسلم لیگ



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ نون کے رہنما اور سابق ٹاؤن ناظم جناح ٹاؤن ذوالفقار احمد شیخ نے یوم اقبال کے حوالے سے گفتگو کرتے کہا قومی سلامتی معاشی خود مختاری اور توانائی تحفظ پاکستان کی اولین ترجیح ہے مشکل عالمی حالات میں قومی قیادت کا دانشمندانہ کردار ناگزیر ہے، انہوں نے کہا کہ 9 نومبر صرف دن نہیں بلکہ تجدید عہد کا دن ہے علامہ اقبال نے جس خودی، خودداری اور خود مختاری کا درس دیا آج (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

مزدور اپنے حقوق کیلئے متحد ہو کر پرامن جدوجہد کریں، نیشنل لیبر فیڈریشن

مہنگائی، بے روزگاری اور صنعتی بحران کے خاتمے کیلئے فوری حکومتی ریلیف کا مطالبہ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ملک پر قابض مہاراجوں اور شہنشاہوں نے اپنی شاہانہ طرز زندگی اور عیاشیوں کا سارا بوجھ غریب عوام اور محنت کش طبقے پر ڈال دیا ہے۔ ملک کی ساڑھے آٹھ کروڑ لیبر فورس کو اب خاموشی توڑ کر اپنے حقوق کے لیے متحد ہونا ہوگا۔ پرامن مزاحمت ہی ظلم، استحصال اور معاشی ناانصافی سے نجات کا مؤثر ذریعہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے 57ویں یوم تاسیس کے موقع پر المرکز الاسلامی چنیوٹ بازار میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مزدور رہنماؤں نے کیا۔

پنجاب بھر میں 1364 ٹریفک حادثات میں 15 افراد جاں بحق، 1596 زخمی

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1364 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 751 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 845 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

فیصل آباد میں ایک منرل واٹر کمپنی کا پانی غیر معیاری قرار

ملک بھر میں 223 کمپنیوں کے پانی کی جانچ، 27 کمپنیوں کا پانی پینے کے لیے غیر محفوظ نکلا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز فیصل آباد نے سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) کی منرل واٹر کمپنیوں کی مانیٹرنگ رپورٹ جاری کر دی۔ فیصل آباد میں 14 کمپنیوں کی مانیٹرنگ کی گئی اور ایک کمپنی میں سوڈیم کی مقدار مقررہ حد سے زیادہ تھی۔ علاوہ ازیں ملک بھر میں 223 میں سے 27 کمپنیوں کا پانی ان فٹ قرار دیا گیا۔ کمپنیوں کے نتائج www.pcrwr.gov.pk پر موجود ہیں۔ پانی کے مسائل کے لئے واٹر لیب جڑانوالہ روڈ رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ شہری بوتل والا پانی خریدنے سے پہلے اس کا برانڈ اور معیار ضرور چیک کریں۔ اپنی صحت کے معاملے میں احتیاط کریں۔ اپنی صحت کے معاملے میں احتیاط کریں۔

فکر اقبال قومی اتحاد اور ترقی کیلئے مشعل راہ ہے، پیپلز پارٹی رہنما

قومی اختلافات ختم کر کے اقبال کے فلسفہ خودی اور تعلیمات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی جڑانوالہ کے تحصیل صدر رائے شہادت خاں کھرل، جنرل سیکرٹری عرفان اکرم چٹھہ، وعہدیداران نے کہا کہ کیا آج کوئی ہے جو حضرت اقبال کے فلسفہ خودی کے پیغام پر عمل کر رہا ہے؟ علامہ اقبال کا پیغام آج بھی امت مسلمہ کے لئے مشعل راہ ہے، آج وطن عزیز میں قوم گروہ در گروہ میں بٹ چکی ہے، باہمی اختلافات اس حد تک بڑھ چکے ہیں کہ کوئی کسی کو برداشت کرنے کے لیے تیار (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

سرگودھا، غلہ منڈی میں جدید سہولیات سے آراستہ علامہ اقبال سپورٹس ایرینا قائم کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کے تحت اندرون شہر غلہ منڈی میں علامہ اقبال سپورٹس ایرینا قائم کر کے اس کا افتتاح اسسٹنٹ کمشنر نے کیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

مینار پاکستان پر 15 نومبر کو آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس ہوگی

ملکی استحکام، تحفظ حرمین شریفین اور نفاذ قرآن و سنت کا عزم دہرایا جائے گا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبد الکریم، مرکزی ناظم اعلیٰ علامہ عبدالرشید حجازی، ایڈیشنل ناظم اعلیٰ حضرت مولانا سید سبطین شاہ نقوی، خالد محمود اعظم آبادی و دیگر نے کہا ہے کہ 15 نومبر بروز اتوار مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والی عظیم الشان آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس ملکی کی سیاسی و مذہبی تاریخ میں اپنی مثال آپ ہوگی۔ جو کہ تحفظ حرمین شریفین، تحفظ ختم نبوت و ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم، ملکی بقا و سلامتی اور استحکام کے لیے اداروں کے ساتھ اظہار یکجہتی، فرقہ واریت و انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ کانفرنس میں مسلک اہلحدیث سے وابستہ لاکھوں فرزندان توحید کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

شہر میں ڈکیتی، چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

ڈھکوٹ کے علاقہ 254 گ ب کے مشتاق کی اہلیہ (ح) کو اوباش ملزم طارق اور جڑانوالہ کے علاقہ شوکت آباد کے اشرف کی بیٹی (م) کو احمد نے ہوس کا نشانہ بنا ڈالا

نامعلوم، جڑانوالہ کے علاقہ 353 گ ب کے اقبال کی بیٹی (ف) کو یاسر وغیرہ، کھرڑیانوالہ کے علاقہ 109 ر ب کی نازیہ بی بی کی بیٹی (ل) کو نامعلوم نے اغوا کر لیا

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری 70 سے زائد سنگین وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لیے گئے، متعدد شہریوں کو موٹر سائیکلوں اور رکشوں سے محروم کر دیا گیا جبکہ اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر دو خواتین کو بے آبرو، 5 لڑکیوں اور 60 سالہ شہری کو اغوا کر لیا گیا، پولیس نے مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق ڈھکوٹ کے علاقہ 254 گ ب کے مشتاق کی اہلیہ (ح) کو اوباش ملزم طارق اور جڑانوالہ کے علاقہ شوکت آباد کے اشرف کی بیٹی (م) کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)



فیصل آباد۔ انجمن تاجران مرشد گروپ کے زیر اہتمام حیدری فرنیچر مارٹ پر علامہ محمد اقبالؒ کے یوم پیدائش کے حوالے منعقدہ تقریب سے سابق ایم پی اے خواجہ محمد اسلام، مرشد گروپ کے چیئرمین پیارے بھائی شہزادہ اسلم، چیئرپرسن پیاری بہنا مصباح اسلم، انچارج انوسٹی گیشن تھانہ گلبرگ شاہ جہاں، رانا عابد، عاصم خان و دیگر خطاب کر رہے ہیں



امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم، ناظم اعلیٰ علامہ عبدالرشید حجازی، سید سبطین شاہ نقوی، حافظ محمد یونس آزاد، خالد محمود اعظم آبادی اور مہر محمد عبداللہ کا اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

CamScanner